ہفتہ وار رسالہ: 291
WEEKLY BOOKLET: 291

امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کے قلم سے رمضان المبارک 2022 کی پُرکیف یادیں

# یادِ رمضان

صفحات 30

پیشکش
المدینۃ العلمیۃ
Islamic Research Center

## عرضِ مؤلف (مع ترمیم واضافہ)

الحمدُ للہ! عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں ہزاروں خوش نصیب پورے ماہِ رمضان کا اعتکاف کرتے ہیں۔ 1443 ہجری مطابق 2022، عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں عاشقِ رمضان، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ نے بھی اعتکاف کیا۔

اِس دوران ایک اسلامی بھائی نے امیرِ اہلِ سنّت کی خدمت میں عرض کیا: اگر آپ اِس ماہِ مبارک میں اپنے مبارک ہاتھوں سے روزانہ تاریخ تبدیل فرماکر ایک تحریر لکھیں تو یادِ رمضان کا تحریری "مَدَنی گلدستہ" تیار ہو جائے گا۔ جِسے سارا سال دیکھ، پڑھ کر رمضان المبارک کی یاد تازہ ہوتی رہے گی۔ ماشاء اللہ! آپ نے 3 رمضان المبارک 1443ھ سے روزانہ کچھ مَدَنی پھول لکھنے کا سلسلہ شروع فرمایا۔ یہ رنگین رسالہ بنام "یادِ رمضان" اُنہی تحریرات کا مجموعہ ہے۔ آپ بھی اِن مَدَنی پھولوں کی خوشبو سے اپنے دل و دماغ کو مہکائیں بلکہ ہوسکے تو فریم بناکر گھر، آفس میں سجائیں اور عاشقِ رمضان، امیرِ اہلِ سنت کی طرح سارا سال ماہِ رمضان کو یاد کرکے پڑھتے رہیں:

**اَللّٰهُمَّ بَلِّغْنَا رَمَضَانَ بِصِحَّةٍ وَّ عَافِيَة**

یعنی! اے اللہ پاک! ہمیں رمضان سے صحت وعافیت کے ساتھ ملا۔

**رسالے کا انداز:** صفحات کی نمبرنگ ماہِ رمضان کی تاریخیں بھی ہیں یعنی جو تحریر جس تاریخ کی ہے وہی صفحہ نمبر ہے۔ ہر صفحے پر (QR Code / Link) دیا گیا ہے جِسے اسکین کرکے اس تاریخ کو ہونے والا مَدَنی مذاکرہ دیکھا سنا جاسکتا ہے۔ عوامی دلچسپی و خیر خواہی کے پیشِ نظر ہر صفحے پر ایک روحانی علاج بھی پیش کیا گیا ہے۔ ثواب کی نیت سے اس رسالے کو خوب عام کیجئے اور برکتیں حاصل کیجئے۔ (محمد طاہر عطاری عفی عنہ)

## یادِ رمضان

# ”عجّل عجّل یا رمضان“

”عَجِّل عَجِّل یا رمضان“ جان مری تجھ پر قربان
آ بھی جا ماہِ سُبحان جلدی جلدی آ رمضان
جب بھی آتا ہے رمضان جان میں آ جاتی ہے جان
خوب ہے رمضاں کی بھی شان اس میں اُترا ہے قرآن
تجھ میں بخشش کا سامان ہے لاریب مہِ غُفران
گیارہ ماہ کا تو سلطان فضلِ ربّ سے ہے رمضان
مجھ کو بخش دیجئے رمضان یا حنّانُ یا مَنّان
ختم رمضان کا دے رحمٰن اشک بہاؤں میں ہر آن
مجھ کو مدینے میں رمضان کاش! مُیَسّر ہو رحمٰن

آجا آ بھی جا رمضان
تجھ پہ فدا عطار کی جان

جس نے ”لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ“ کہا تو یہ (اس کے لئے) ننانوے بیماریوں کی دوا ہے، ان میں سب سے ہلکی بیماری رنج واَلم ہے۔

# یادِ رمضان

۳ رمضان المبارک ۱۴۴۳

اللہ

جس سے بن پڑے وہ مسجد سے کچرا وغیرہ نکال دیا کرے۔ ابنِ ماجہ کی روایت کے مطابق "جو مسجد سے تکلیف دہ چیز نکالے، اللہ پاک اُس کے لئے جنّت میں گھر بنائے گا۔" (فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم)

جس سے بن پڑے وہ مسجد سے کچرا وغیرہ نکال دیا کرے۔ ابنِ ماجہ کی روایت کے مطابق **"جو مسجد سے تکلیف دہ چیز نکالے، اللہ پاک اُس کے لئے جنّت میں گھر بنائے گا۔"** (فرمانِ آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

سفر شروع کرنے سے پہلے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 11 مرتبہ پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم سفر میں آسانی ہوگی۔

اللہ

الحمد للہ ابھی رات تقریباً سوا دو بجے مدنی مذاکرے سے فراغت ہوئی۔ اللہ پاک قبول فرمائے۔ آمین۔
آج کے مدنی مذاکرے سے ایک
مدنی پھول
"مجھے اچھائی کرنے والا اچھا اور برائی کرنے والا برا لگتا ہے۔"

الحمد للہ مجھے رمضان سے پیار ہے۔

اَلحمدُ لِلّٰہ ابھی رات تقریباً سوا دو بجے مدنی مذاکرے سے فراغت ہوئی۔ اللہ پاک قبول فرمائے۔ اٰمین۔

آج کے مدنی مذاکرے سے ایک **مَدَنی پھول**:

**"مجھے اچّھائی کرنے والا اچّھا اور بُرائی کرنے والا بُرا لگتا ہے۔"**

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھا کرے، اِنْ شَآءَ اللہ الکریم **قید** سے جلد رہا ہو جائے گا۔

اَلحمدُ لِلّٰہ ابھی ابھی رمضان شریف کے پانچویں روزے کے صبح کے 8 بجے معمول کے مطابق عیادتوں اور تعزیتوں وغیرہ کے اجتماعی پیغامات کی ریکارڈنگ سے فارغ ہوا ہوں۔ آج کے پیغامات میں بیان ہونے والے مَدَنی پھولوں میں سے ایک

## مَدَنی پھول

**امام ابنِ حجر عَسقَلانی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں:**

”دنیا کی مصیبتوں پر صبر کرنا (مسلمان کو) جنّت کا وارِث بنادیتا ہے۔“

(فتح الباری، ج11، ص99)

# یادِ رمضان

یادِ رمضان

اللہ

الحمد للہ آج رمضان المبارک کا پہلا جمعہ اور چھٹا روزہ ہے۔ رات ہونے والے مدنی مذاکرے سے ایک

مدنی پھول

"سفید لباس میں نماز پڑھنا اور مُردوں کو کفن دینا اچھا ہے"

مجھے ماہِ رمضان سے پیار ہے

اَلْحَمْدُلِلّٰہ آج رمضانُ المبارک کا پہلا جمعہ اور چھٹا روزہ ہے۔ رات ہونے والے مدنی مذاکرے سے ایک مَدَنی پھول

"سفید لباس میں نماز پڑھنا اور مُردوں کو کفن دینا اچھا ہے۔"



یا وَھَّابُ 300 بار بعد نمازِ فجر پڑھئے۔ اِنْ شَآءَ اللہ الکریم روزگار کی پریشانی دور ہوگی۔ (مدت: 40 دن)

اَلحمدُللہ رمضان المبارک میں بعد نمازِ فجر عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں روزانہ معتکفین میں کچھ نہ کچھ مَدَنی پھول پیش کرنے کی سعادت مل رہی ہے۔ آج آپس میں مُعافی تلافی کی ترغیب دی گئی۔

## مَدَنی پھول

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: اللہ پاک مُعاف کردینے سے بندے کی عزت ہی بڑھاتا ہے۔" (مسلم، ص1071، حدیث:6592)

سُوْرَۃُ الشَّمْس کو پڑھ کر مرگی والے کے کان میں پھونک مارنا بہت مفید ہے۔ (جنتی زیور ص ۶۰۲)

اَلحمدُللہ آج آٹھواں روزہ ہے، فجر کے بعد بیان کیا جانے والا ایک

## مَدَنی پھول

"نمازی کے آگے سے گزرنا گناہ ہے، چاہے نابینا ہو یا بینا (یعنی دیکھنے والا) جس کو بھی نمازی کا پتا چل گیا اب گزرے گا تو گنہگار ہے۔"

ماہِ رمضاں رحمتوں اور برکتوں کی کان ہے

بخار والا بکثرت بِسۡمِ اللہِ الۡکَبِیۡر پڑھتا رہے۔

رَمضانُ المبارک میں جہاں خوش نصیب ننھے مُنّے بچوں کے روزہ رکھنے کی خوشیوں بھری خبریں سُننے کو ملتی ہیں وہیں کئی بد نصیب نوجوانوں کی ایسی خبریں بھی ملتی ہیں جو فرض ہونے کے باوُجود رَمضان شریف کے روزے نہیں رکھتے۔

**اللہ پاک ہدایت فرمائے۔ اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلَّم**

یَا اللہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا آسیب زدہ بکثرت ورد کرتا رہے، اِنْ شَآءَاللہ الکریم آسیب جاتا رہے گا۔

# یادِ رمضان

گُزشتہ رات کے مَدَنی مُذاکرے سے ایک مَدَنی پھول

**مریض کی عیادت کو جایئے کہ سُنّت ہے مگر اتنا زیادہ نہ رُکئے کہ مریض پریشان ہو جائے۔**

لَاۤاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 11 بار نئی رِکابی پر لکھ کر پینے سے اِنْ شَآءَاللہ الکریم تَقْوے سے نجات ملے گی۔

اَلحمدُ لِلّٰہ آج بعدِ فجر معتکفین کو

تلاوت سننے کی ترغیب دیتے ہوئے

یہ مَدَنی پھول بھی دیا:

**تِلاوت سُننے کی فضیلت**

حدیثِ پاک میں ہے:

”جو شخص قرآن شریف کی کوئی آیت سنتا ہے بروزِ قیامت وہ (آیت) اُس کیلئے نور ہوگی۔“ (مسند امام احمد، احیاء العلوم (اردو) ج1 ص845)

یاشاہِ مدینہ مہِ رمضان کا صدقہ

جنّت میں پڑوسی مجھے تم اپنا بنانا

(وسائلِ بخشش)

سگِ مدینہ محمد الیاس عطّار قادری رضوی

ابو بلال

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی

یادِ رمضان

اللّٰہ

الحمدُ للّٰہ آج بعدِ فجر معتکفین کو تلاوت سننے کی ترغیب دیتے ہوئے یہ مَدَنی پھول بھی دیا:

تلاوت سننے کی فضیلت

حدیثِ پاک میں ہے: جو شخص قرآن شریف کی کوئی آیت سنتا ہے بروزِ قیامت وہ (آیت) اُس کیلئے نور ہوگی۔"

(مسند امام احمد، احیاء العلوم (اردو) ج1 ص845)

صلی اللہ علیہ والہ وسلم

یاشاہِ مدینہ مہِ رمضان کا صدقہ

جنت میں پڑوسی مجھے تم اپنا بنانا

(وسائلِ بخشش)

سُوْرَۃُ الْبَیِّنَہ لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں پہنا دیجئے اِنْ شَآءَ اللہ الکریم یرقان جاتا رہے گا۔

# جمعہ مُبارَک

## ایک نیکی کی 70 نیکیاں

”جمعہ کو حج ہو تو اُس کا ثواب 70 حج کے برابر ہے، جمعہ کی ایک نیکی کا ثواب 70 گُنا ہے، (چونکہ جمعہ کا شرف بہت زیادہ ہے لہٰذا) جمعہ کے روز گُناہ کا عذاب بھی 70 گُنا ہے“

(ملخص از مراٰۃ ج2 ص 323، 325، 336)

یاقَابِضُ، یابَاسِطُ 30 بار ہر روز پڑھےاِنْ شَآءَ اللہ الکریم دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

یادِ رمضان

اللہ

روزے دن میں رکھے جانے کی حکمت

اللہ و رسول عزوجل و صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا حکم ہے اِس لئے دن میں روزے رکھے جاتے ہیں۔ دن میں روزے رکھے جانے کی حکمت بیان کرتے ہوئے مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بدنی عبادت میں محنت اور نفس کی مخالفت چاہئے اِسی پر اجر ملتا ہے۔ رات میں انسان ویسے ہی نہیں کھاتا پیتا لہٰذا رات میں کھانا پینا چھوڑنا محنت نہیں نیز رات سونے میں گزرتی ہے جس سے (روزے کی) عبادت کا (بھی) احساس نہیں ہوتا۔" (اسرار الاحکام ص ۲۱ بتغیر قلیل)

مجھے ماہِ رمضان سے پیار ہے

## روزے دن میں رکھے جانے کی حکمت

اللہ و رسول عزوجل و صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا حکم ہے اِس لئے دن میں روزے رکھے جاتے ہیں۔ دن میں روزے رکھے جانے کی حکمت بیان کرتے ہوئے مفتی احمد یار خان رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: "بدنی عبادت میں محنت اور نفس کی مخالفت چاہئے اِسی پر اَجر ملتا ہے۔ رات میں انسان ویسے ہی نہیں کھاتا پیتا لہٰذا رات میں کھانا پینا چھوڑنا محنت نہیں نیز رات سونے میں گزرتی ہے جس سے (روزے کی) عبادت کا (بھی) احساس نہیں ہوتا۔" (اسرار الاحکام ص 21 بتغیر قلیل)

 لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 60 بار پڑھ کر دم کیجئے اِنْ شَآءَ اللہ الکریم نظرِ بد کا اثر جاتا رہے گا۔

حضرت امام
# حسن
رَضِیَ اللہُ عَنْہُ



امام حسن رضی اللہ عنہ کا جشنِ ولادت مبارک ہو

تاریخ ولادت: 15 رمضان شریف

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے سُوال ہوا: بزرگی کیا ہے؟ فرمایا:
نقصان کرنے والے کو کچھ عطا کرنا اور قُصور وار کو معاف کر دینا۔ (اللہ والوں کی باتیں ج2 ص66)

راکبِ دوشِ شہنشاہ اُمم     یاحَسَن ابنِ علی کر دو کرم

دائمی مریض ہر وقت یَا مُعِیْدُ پڑھتا رہے، اللہ ربُّ العزّت صحّت عنایت فرمائے گا۔

غُصّہ آئے تو اُس کو دُور کریں، غصّے کے مطابق کرنہ گُزریں۔

حضرت جعفر بن محمد رحمۃُ اللہِ علیہما فرماتے ہیں: "غُصّہ ہر بُرائی کی چابی (Key) ہے۔" (الزواجر ج1، ص107)

امام غزالی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: "اکثر لوگ غُصّے ہی کی وجہ سے جہنّم میں جائیں گے۔" (کیمیائے سعادت ج2، ص601)

یادِ رمضان

اللہ

نماز کی ایک سنّت

سُنَّت یہ ہے کہ آدمی بہتر ہیئت (یعنی اچھی حالت) کے ساتھ نماز کیلئے حاضر ہو کیونکہ نماز میں ربّ عزوجل سے مُناجات ہے تو اس کیلئے زینت کرنا اور عطر لگانا مُستحب ہے۔ (صراط الجنان ج ۳ ص ۳۰۰)

گھوم جاؤ مجرمو!
رمضان میں غفران ہے

## نماز کی ایک سنّت

سنّت یہ ہے کہ آدمی بہتر ہیئت (یعنی اچھی حالت) کے ساتھ نماز کیلئے حاضر ہو کیوں کہ نماز میں ربّ عزوجل سے مُناجات ہے تو اس کیلئے زینت کرنا اور عطر لگانا مُستحب ہے۔ (صراط الجنان ج3 ص300)

”یَاسَلَامُ“ 111 بار پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے اِنْ شَآءَ اللہ الکریم شفا حاصل ہو گی۔

یادِ رمضان

اللہ

مغفرت کروانے کا عمل

حدیثِ پاک میں ہے: بے شک جس شخص نے ستّر ہزار (۷۰,۰۰۰) بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کہا، اللہ پاک اُس کی مغفرت فرمائے گا اور جس (کے ایصالِ ثواب) کیلئے یہ کہا گیا اُس کی بھی مغفرت فرمائے گا۔ (مرقاۃ المفاتیح ج۳ ص۲۲۲)

مجھے ماہِ رمضان سے پیار ہے

70,000

## مغفرت کروانے کا عمل

حدیثِ پاک میں ہے: بے شک جس شخص نے ستّر ہزار (70,000) بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کہا، اللہ پاک اُس کی مغفرت فرمائے گا اور جس (کے ایصالِ ثواب) کیلئے یہ کہا گیا اُس کی بھی مغفرت فرمائے گا۔ (مرقاۃ المفاتیح ج3 ص222)

# ہر آفت سے حفاظت

**یامُهَيْمِنُ** 29 بار روزانہ پڑھنے والا اِنْ شاءَ اللہ الکریم ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا۔

"یاقَهَّارُ" 100 بار اگر کوئی مصیبت آپڑے تو پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ الکریم آسان ہو گی۔

اسلام کے چوتھے خلیفہ

حضرت مولیٰ علی کے ارشادات:

اپنے شہزادے امام حسن رضی اللہ عنہ سے

یہ بھی فرمایا:

(1) سب سے بڑی دولت

"عقلمندی" ہے

(2) سب سے بڑی غُربت

"بے وُقُوفی" ہے۔

(مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کے 72 ارشادات ص 15 مکتبۃ المدینہ)

"یاقَابِضُ، یابَاسِطُ" 30 بار جو ہر روز پڑھا کرے اِنْ شَآءَ اللہ الکریم وہ دشمن پر فتح پائے گا۔

یادِ رمضان

اللہ

جنّت میں چلے جاؤ!

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:

"رحمٰن کی عبادت کرو، کھانا کھلاؤ، سلام پھیلاؤ جنّت میں چلے جاؤ۔"

مجھے ماہِ رمضان سے پیار ہے

۲۲ رمضان المبارک ۱۴۴۳ھ

جنّت میں چلے جاؤ!

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:

"رحمٰن کی عبادت کرو، کھانا کھلاؤ، سلام پھیلاؤ، جنّت میں چلے جاؤ۔"

یادِ رمضان

"ایک مقبول نیکی دنیا کی ساری دولت اور بادشاہت سے بہتر ہے۔"

## "ایک مقبول نیکی دنیا کی ساری دولت اور بادشاہت سے بہتر ہے۔"

"یا مُتَکَبِّرُ" 21 بار روزانہ پڑھ لیجئے، ڈراؤنے خواب آتے ہوں گے تو اِنْ شَآءَاللہ الکریم نہیں آئیں گے۔ (مدت علاج: تا حصول شفا)

# یادِ رمضان

اللّٰہ

یادِ رمضان

"عجیب بات سُن کر سُبْحٰنَ اللّٰہ وغیرہ
کہے یا خوشخبری پاکر الحمدُ لِلّٰہ پڑھے
بہرحال ثواب ملے گا کیوں کہ اللّٰہ کا نام
لینا بہرحال عبادت ہے۔"
(مراۃ ج ۳ ص 98)

مولیٰ! رمضان کی
محبت دے۔

عجیب بات سُن کر سُبْحٰنَ اللّٰہ وغیرہ کہے یا خوشخبری پاکر اَلحمدُ لِلّٰہ پڑھے بہر حال ثواب ملے گا
کیوں کہ اللّٰہ کا نام لینا بہر حال عبادت ہے۔ (مراۃ، ج3، ص98)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 65 بار لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم ظالموں کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

یادِ رمضان

الوداع ماہِ رمضان
مدینہ
"اے لوگو! تم ماہِ رمضان کی جُدائی میں غمگین ہوجاؤ! کیونکہ یہ ایسا موسم ہے جس میں تم بارشِ رحمت اور دعاؤں کی قبولیت کی سعادت پاتے ہو۔"
(الروض الفائق ص ۴۰ ملخصاً)
الٰہی! آ گیا رمضاں کا آخری جمعہ۔۔۔ رہائی نارِ جہنم سے ہو عطا یارب
جُمعۃ الوداع مبارک ہو۔

## الوداع ماہِ رمضان

مدینہ

"اے لوگو! تم ماہِ رمضان کی جُدائی میں غمگین ہو جاؤ! کیوں کہ یہ ایسا موسِم ہے جس میں تم بارشِ رحمت اور دعاؤں کی قبولیت کی سعادت پاتے ہو" (الروض الفائق ص40 ملخصاً)

الٰہی! آگیا رمضاں کا آخِری جُمعہ۔۔۔۔ رِہائی نارِ جہنّم سے ہو عطا یاربّ

یادِ رمضان

الله

یادِ رمضان

بلاؤں سے حفاظت

مدینہ

یااللہُ 100 بار سوتے وقت پڑھنے سے ان شاءاللہُ الکریم
شریر جِنّات کی شرارت اور فالج ولقوے کی آفت
سے حفاظت ہو گی۔

آہ! رمضان اب
جا رہا ہے

محمد مدنی احمد قادری عطاری
۲۴ رمضان شریف ۱۴۴۳ھ
26-4-22

## بلاؤں سے حفاظت

یااللہُ 100 بار سوتے وقت پڑھنے سے ان شاء اللہُ الکریم
شریر جِنّات کی شرارت اور فالج ولقوے کی آفت سے حفاظت ہو گی۔



بچّہ یا بڑا گُم ہو جائے تو سارے گھر والے بے شمار بار یَا جَامِعُ یَا مُعِیْدُ کا وِرْد کریں۔ اللہ پاک نے چاہا تو مل جائے گا۔

اللّٰہ

یادِ رمضان

کہا گیا ہے: "دوست گنوانے میں اور دشمن بنانے میں جلدی نہیں کرنی چاہئے۔

حسرتا واحسرتا
اے ماہِ رمضان
الوداع

کہا گیا ہے: "دوست گنوانے میں اور دشمن بنانے میں جلدی نہیں کرنی چاہئے۔"

# یادِ رمضان

مدینہ - مدینہ - مدینہ - مدینہ

۷۸۶
۹۲

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ | وعلیٰ اٰلک واصحٰبک یاحبیب اللہ

سگِ مدینہ محمد الیاس عطار
ابو بلال قادری رضوی

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران سبزی منڈی کراچی۔

اللہ

یادِ رمضان

"ماہِ رَمَضان کے آنے پر خوش اور جانے پر غمزدہ ہونا خوش نصیبوں کا حصہ ہے۔"

تیرے آنے سے دل خوش ہوا تھا
اور ذوقِ عبادت بڑھا تھا
آہ! اب دل پہ ہے غم کا غلبہ
الوداع الوداع آہ! رمضان

محمد الیاس قادری
۲۷ رمضان المبارک ۱۴۴۳ھ
30 - 4 - 22

"ماہِ رَمَضان کے آنے پر خوش اور جانے پر غمزدہ ہونا خوش نصیبوں کا حصہ ہے۔"



**دکان** یا مکان یا مال و اسباب پر روزانہ یَااللہُ 49 بار پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اِنْ شَآءَاللہ الکریم مختلف نقصانات سے حفاظت ہو گی۔

یادِ رمضان

اللہ

عید صرف رنگ برنگے کپڑے پہننے سیر و تفریح کرنے اور اچھے اچھے کھانے کھانے کا نام نہیں، عید تو اللہ کریم کا شکر ادا کرنے، خیر خیرات کرنے اور رضائے الٰہی کے کام کرنے کا دن ہے۔

**عید** صرف رنگ برنگے کپڑے پہننے، سیر و تفریح کرنے اور اچھے کھانے کھانے کا نام نہیں، **عید** تو اللہ کریم کا شکر ادا کرنے، خیر خیرات کرنے اور رِضائے الٰہی کے کام کرنے کا دن ہے۔

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام 321 بار پڑھ کر حسبِ توفیق کوئی میٹھی چیز بچّوں میں تقسیم کر دیجئے، اِنْ شَآءَ اللہ الکریم مُراد پوری ہو گی۔

**عید** کے دن خوشی و مسرت ظاہر کرنا اور **تَقَبَّلَ اللّٰہُ مِنَّا وَمِنْکُمْ** (یعنی اللہ پاک ہم سے اور تم سے (نیک اعمال) قبول فرمائے) کے ذریعے، مبارکباد دینا مُستَحب ہے۔ اِسی طرح مُصافَحَہ (یعنی ہاتھ ملانا) بھی۔ بلکہ یہ (یعنی ہاتھ ملانا) تو تمام نمازوں کے بعد اور ہر ملاقات کے وقت **سنّت** ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج8، ص631 ملتقطا)

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net